https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی


چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | پیر 29 ربیع الثانی 1448ھ 12 اکتوبر 2026ء | شمارہ:210

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور ان حالا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



KPK میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ، صدر مملکت نے سمری پر دستخط کر دیے

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں سلامتی کی صورتحال کے حوالے سے وزیراعظم کی ایڈوائس پر آئینِ پاکستان کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت دستخط کیے، حکومت نے آرٹیکل 232 کے تحت صدر کی طرف سے ایمرجنسی نافذ کرنے کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اعلامیہ کے مطابق وزیراعلیٰ، صوبائی وزراء، مشیران، معاونینِ خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل اپنے عہدے فوری طور پر چھوڑ دیں گے، صدارتی اعلان فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، اجلاس میں وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر دفاع خواجہ آصف، رانا ثناءاللہ، سالک حسین اور عطاء تارڑ سمیت دیگر ارکان شریک ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کر دیا گیا، صدر مملکت آصف علی زرداری نے سمری پر دستخط کر دیے ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں سلامتی کی صورتحال کے حوالے سے وزیراعظم کی ایڈوائس پر آئینِ پاکستان کے آرٹیکلز 232 اور 234 کے تحت دستخط کیے۔ حکومت نے آرٹیکل 232 کے تحت صدر کی طرف سے ایمرجنسی نافذ کرنے کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا صدارتی فرمان فوری طور پر نافذ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اہم خبر



میزان بینک، گھر ہو تو اپنا پروگرام کے تحت 49 ارب روپے کی فنانسنگ منظور

سید عامر علی کی کامیاب قیادت: احمد علی صدیقی اور مسرور محسن کی بہترین کارکردگی

کراچی (بزنس رپورٹر) سید عامر علی کی کامیاب قیادت: احمد علی صدیقی اور مسرور محسن کی بہترین کارکردگی، میزان بینک نے وزیراعظم اپنا گھر پروگرام ''گھر ہو تو اپنا'' کے تحت 6,880 درخواستوں پر تقریباً 49 ارب روپے کی ہاؤسنگ فنانسنگ منظور کر لی، یہ منظوری ملک بھر میں قابلِ استطاعت اور شریعت سے ہم آہنگ ہاؤسنگ فنانسنگ کی نمایاں طلب کی عکاسی کرتی ہے۔ بینک 30 ستمبر 2026 تک بینک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

رپورٹر سے ایڈیٹر تک، محمود شام نے صحافتی سفر کی یادیں تازہ کر دیں

''جو ہم پہ گزری'' کے عنوان سے نشست، سنہرے شب، آزادیٔ صحافت کی جدوجہد اور ملکی تاریخ کے اہم واقعات پر گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی پریس کلب کی ادبی کمیٹی کے زیر اہتمام سینئر صحافی، شاعر اور ادیب محمود شام کے ساتھ ''جو ہم پہ گزری'' کے عنوان سے خصوصی نشست منعقد ہوئی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

کراچی پورٹ کی عالمی انڈیکس میں ریکارڈ کارکردگی، وزیراعلیٰ سندھ کی مبارکباد

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کراچی پورٹ ٹرسٹ کو عالمی رابطے کے انڈیکس میں ریکارڈ کارکردگی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی پورٹ کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

این آئی سی وی ڈی میں بچوں کے امراضِ قلب سے متعلق سندھ کے پہلے تعلیمی فورم کا انعقاد

کراچی (این این آئی) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز (این آئی سی وی ڈی) کراچی میں پیدائشی اور بچوں کے امراضِ قلب سے متعلق تعلیمی فورم سندھ کا پہلا پروگرام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

بلاول بھٹو نے پیپلز پارٹی بلوچستان کے عہدیداروں کا تقرر کر دیا

میر ریاض احمد شاہوانی، بابا غلام رسول عمرانی اور درمحمد ہزارہ نائب صدور مقرر

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پیپلز پارٹی بلوچستان کے نئے عہدیداروں کا تقرر کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں چیئرمین سیکریٹریٹ سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، جس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ جاری کردہ اعلامیے کے مطابق میر ریاض احمد شاہوانی، بابا غلام رسول عمرانی اور درمحمد ہزارہ کو نائب صدور مقرر کیا گیا ہے، جب کہ میر لیاقت علی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

دورے کے دوران وہ چینی حکام اور سرمایہ کاروں سے اہم ملاقاتیں کریں گے، جبکہ سندھ حکومت کی جانب سے چین کے شہر شنگھائی میں سرمایہ کاری کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے، جس میں چین کی بڑی سرکاری کمپنیوں کی شرکت متوقع ہے

مراد علی شاہ کی چین پروازیں، بڑی سرمایہ کاری کا آغاز

وزیراعلیٰ سندھ کو رخصت کرنے کے لیے قائم مقام چینی قونصل جنرل جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچے، جہاں ان کی وزیراعلیٰ سندھ سے ملاقات ہوئی۔ اس موقع پر دونوں شخصیات نے دورے کے شیڈول اور طے شدہ اجلاسوں سے متعلق تبادلہ خیال کیا

وزیراعلیٰ سندھ کے ہمراہ صوبائی وزراء شرجیل انعام میمن، جام خان شورو اور معاون خصوصی سید قاسم نوید بھی چین روانہ ہوئے، جبکہ صوبائی وزیر زراعت محمد بخش مہر بھی وفد میں شامل ہیں چائنا میں پاکستانی سفیر اسد گیلانی نے شاندار استقبال کیا



وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا چائنا روانگی سے قبل کراچی ایئرپورٹ پر قونصل جنرل چائنا، صوبائی وزراء اور سیکریٹری کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

کراچی (رپورٹ/علیم نواب خان) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور صوبے میں صنعتی و معاشی سرگرمیوں کو وسعت دینے کے لیے چین کے اہم دورے پر روانہ ہوگئے۔ دورے کے دوران وہ چینی حکام اور سرمایہ کاروں سے اہم ملاقاتیں کریں گے، جبکہ سندھ حکومت کی جانب سے چین کے شہر شنگھائی میں سرمایہ کاری کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے، جس میں چین کی بڑی سرکاری کمپنیوں کی شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کپاس کی فصل پر کیڑوں کے حملے سے معیار متاثر، روئی کے کاروبار میں مندی اور بے یقینی

کراچی (این این آئی) مقامی کاٹن مارکیٹ میں گزشتہ ہفتے روئی کے بھاؤ میں ملا جلا رجحان رہا، جبکہ کاروباری سرگرمیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

نیو کراچی میں رینجرز اور پولیس کا آپریشن، دو مبینہ بھتہ خور زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) پاکستان رینجرز سندھ اور ایس آئی یو پولیس نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر نیو کراچی میں مشترکہ کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی میں اندھی گولیوں سے خاتون سمیت 3 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات کے دوران اندھی گولیاں لگنے سے خاتون سمیت 3 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سینئر صحافی مطیع اللہ کے انتقال پر کراچی یونین آف جرنلسٹس دستور کا اظہارِ تعزیت

مطیع اللہ کی وفات پاکستانی صحافت اور صحافی برادری کے لیے بڑا نقصان ہے، نصر اللہ چوہدری / ریحان خان چشتی

کراچی (این این آئی) کراچی یونین آف جرنلسٹس دستور کے صدر نصر اللہ چوہدری، سیکرٹری ریحان خان چشتی اور مجلس عاملہ نے جرمنی کے شہر برلن میں مقیم سینئر پاکستانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

جامعہ کراچی میں داخلہ ٹیسٹ، 7 ہزار سے زائد امیدواروں کی شرکت

تعلیمی سال 2027 کے مارننگ پروگرام سمیت مختلف شعبہ جات کے لیے امتحان منعقد

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی میں تعلیمی سال 2027 کے داخلوں کے لیے مختلف شعبہ جات کا داخلہ ٹیسٹ منعقد کیا گیا، جس میں کراچی کی نشستوں کے لیے 7 ہزار سے زائد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

جاپانی سفیر اکاماٹسو شوچی کی ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، فیروز شاہ سے ملاقات

تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، سرمایہ کاری، سائبر سیکورٹی، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی پر تبادلہ خیال کیا گیا


کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کے مشیر سید فیروز شاہ سے پاکستان میں تعینات جاپانی سفیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

صنعتکاروں نے کراچی کی تباہ حال صورت حال کو خطرناک قرار دیدیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے صنعتکاروں نے حکومت سے استفسار کیا ہے کہ ملک کے اہم معاشی مرکز کراچی خستہ حال سڑکوں، پانی کی شدید قلت، غیر یقینی یومیٹینی سروسز، تباہ حال سیوریج نظام اور بے لگام اسٹریٹ کرائم کا شکر کیوں ہے؟ بزنس مین گروپ کے چیئرمین زبیر موتی والا نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

تاریخ پیدائش: یکم اپریل 1936ء بھوپال، ہندوستان
وفات: 10 اکتوبر 2021ء اسلام آباد، پاکستان

ڈاکٹر عبدالقدیر خان
کی 5 ویں برسی کے موقع پر خراج عقیدت پیش



منجانب:
سماجی، فلاحی و کاروباری شخصیت ڈاکٹر حاجی محمد رفیق پردیسی

آپ دنیائے فانی سے چلے گئے مگر ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔
مملکت پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے میں آپ نے سب سے بڑا کردار ادا کیا۔
رہتی دنیا تک ہمیشہ آپ کا نام روشن رہے گا۔

روزنامہ قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
کراچی
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

انتونیو گوتریس کا دورہ۔۔۔!

اقوامِ متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے حالیہ دورہ پاکستان اور اسلام آباد میں اُن کی اعلیٰ ترین سطح پر ہونے والی ملاقاتوں نے ایک بار پھر عالمی سفارت کاری میں پاکستان کے کلیدی اور ذمہ دارانہ کردار کو اُجاگر کیا ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری کی طرف سے سیکرٹری جنرل کو عالمی اَمن اور بین الاقوامی تنازعات کے حل میں اُن کی گراں قدر خدمات کے اعتراف کے طور پر ''نشانِ امتیاز'' سے نوازا جانا انتہائی خوش آئند اور بروقت اقدام ہے۔ انتونیو گوتریس نے بطور سیکرٹری جنرل اپنے طویل اور چیلنجوں سے بھرپور دور میں بڑے تدبر، غیر جانبداری اور انسانی ہمدردی کے ساتھ عالمی مسائل کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی۔ پاکستان کے حالیہ سفارتی کردار خصوصاً امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات میں پاکستان کی کامیاب ثالثی اور اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو ان کا سراہنا اِس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان خطے اور دنیا میں اَمن کا ایک قابلِ اعتماد اور فعال داعی ہے۔ انتونیو گوتریس اپنے دورِ اقتدار میں اقوامِ متحدہ کے پلیٹ فارم سے دنیا بھر میں جاری بحرانوں، جنگوں اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نبٹنے کیلئے مسلسل آواز بلند کرتے رہے۔ پاکستان میں 2022ء کے تباہ کُن سیلاب کے موقع پر اُنہوں نے پاکستان کا ذاتی طور پر دورہ کیا اور عالمی برادری سے امداد کی اپیلیں کیں جنہیں پاکستان کے عوام کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ اُنہوں نے مظلوم قوموں کی آواز بننے اور تنازعات کو ڈائیلاگ کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا، جب ہم اُن کے منصب کی میعاد کے دوران اقوامِ متحدہ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہیں تو یہ تلخ حقیقت سامنے آتی ہے کہ تمام تر انفرادی کاوشوں، حسنِ نیت اور سفارتی دوڑ دھوپ کے باوجود عالمی سطح پر وہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکے جن کی توقع دنیا اقوامِ متحدہ سے رکھتی ہے۔ مذکورہ ناکامیوں یا محدود کامیابیوں کا تعلق انتونیو گوتریس کی ذات یا اُن کی صلاحیتوں سے نہیں بلکہ اقوامِ متحدہ کے اُن پانچ بڑوں کے کردار اور نظام سے ہے جو دوسری جنگِ عظیم کے بعد قائم کیا گیا تھا۔ اقوامِ متحدہ میں حقیقی اور حتمی فیصلہ سازی کا اختیار سیکرٹری جنرل کے پاس نہیں بلکہ سلامتی کونسل کے امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس اور چین پر مشتمل پانچ مستقل اراکین کے ہاتھوں میں ہے۔ انہیں حاصل ''ویٹو پاور'' نے پورے عالمی نظام کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ عراق جنگ سے لیکر روس۔ یوکرین، اسرائیل، فلسطین اور اسرائیل، لبنان اور امریکہ، اسرائیل، ایران جنگ ہو یا پھر پاک بھارت جنگ، سلامتی کونسل وہ نتائج نہیں دے سکی جس کی توقع اِس سے کی جاتی تھی۔ گذشتہ کئی برسوں کے دوران جب بھی دنیا کے کسی کونے میں اَمن قائم کرنے کی کوئی موثر کوشش کی گئی یا کسی مظلوم قوم کے حق میں رائے عامہ ہموار ہوئی، پانچ بڑوں میں سے کسی نہ کسی نے اپنے اپنے مفادات کی خاطر ویٹو کے ہتھیار کا استعمال کر کے اِسے خاک میں ملا دیا۔ یوکرین کی صورتحال ہو، مشرقِ وسطیٰ میں غزہ کی تباہ کاری ہو یا دیگر علاقائی تصادم، اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل مفلوج ہی نظر آئی۔ اقوامِ متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور ان کے ماتحت ادارے محض بیانات دینے، تشویش ظاہر کرنے اور انسانی امداد کی اپیلیں کرنے تک محدود ہو کر رہ گئے۔ اِس وقت بھی جب انتونیو گوتریس اپنے عہدے سے ریٹائر ہونے والے ہیں دنیا کے مختلف خطوں میں خونریزی جاری ہے اور لاکھوں انسان بے گھر اور بے یارومددگار ہیں۔ اُن کی جگہ آنے والے نئے سیکرٹری جنرل کے لئے بھی یہی چیلنج منہ کھولے کھڑے ہوں گے تو وہ عالمی توقعات پر کیسے پورا اُتریں گے خاص طور پر جب تک پانچ بڑے کسی ایک بات پر متفق نہیں ہو جاتے؟ وقت کا تقاضہ ہے کہ دنیا کے پانچ بڑے طاقتور ممالک (بالخصوص امریکہ اور روس) اپنے باہمی اختلافات، جغرافیائی مفادات اور توسیع پسندانہ پالیسیوں سے بالاتر ہو کر سوچنا شروع کریں اور سلامتی کونسل کے مقاصد کو حقیقی معنوں میں پورا کرنے میں کردار ادا کریں۔



انجمنِ غلامانِ قلندر ویلفیئر پاکستان کے زیر اہتمام گاؤں سوبھارو شاہ میں حضرت سائیں مومن شاہ غازی کی نسبت سے منعقدہ محفل ہدی کثرتِ درود پاک سے خطاب



کنری (نامہ نگار) انجمنِ غلامانِ قلندر ویلفیئر پاکستان کے زیرِ اہتمام گاؤں سوبھارو شاہ میں حضرت سائیں مومن شاہ غازی کی نسبت سے منعقدہ محفل ہدی کثرتِ درود پاک سے خطاب کرتے ہوئے سید غلام حیدر شاہ قلندری نے کہا کہ قرآنِ پاک انسان کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

پی ایم اے کنری چیپٹر کی نئی کابینہ تشکیل، ڈاکٹر سمیع اللہ گل صدر، ڈاکٹر نارائن جنرل سیکرٹری منتخب

اجلاس میں طبی شعبے کو درپیش مسائل، ڈاکٹرز کو پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے دوران پیش آنے والی مشکلات، طبی برادری کے حقوق پر تفصیلی تبادلہ خیال



کنری (رپورٹ رضوان مغل) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کنری چیپٹر کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں کنری سے تعلق رکھنے والے معزز ڈاکٹرز نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں طبی شعبے کو درپیش مسائل، ڈاکٹرز کو پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے دوران پیش آنے والی مشکلات، طبی برادری کے حقوق کے تحفظ اور صحت کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

عمر کوٹ میں خودکشی کے بڑھتے واقعات پر تشویش، ماہرِ نفسیات کی فوری تعیناتی اور ضلع کے لیے خصوصی حکمتِ عملی کا مطالبہ

عمر (رپورٹ: رضوان مغل) ذہنی صحت کے ماہرین، محققین، سرکاری افسران اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے ضلع عمر کوٹ میں خودکشی کے بڑھتے ہوئے واقعات اور ذہنی صحت کے سنگین مسائل پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سندھ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع میں ماہرِ امراضِ نفسیات (سائیکاٹرسٹ) کی فوری تعیناتی یقینی بنائی جائے، عمر کوٹ کو خودکشی کی روک تھام کے لیے ترجیحی اضلاع میں شامل کیا جائے اور ضلع کے سماجی، معاشی اور ثقافتی حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے تحقیق، عوامی آگاہی، علاج اور حفاظتی اقدامات پر مشتمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

این آئی سی وی ڈی کراچی میں پیدائشی اور بچوں کی دل کی بیماریوں سے متعلق تعلیمی فورم منعقد

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز (این آئی سی وی ڈی) کراچی میں پیدائشی اور بچوں کی دل کی بیماریوں سے متعلق تعلیمی فورم سندھ کا پہلا پروگرام منعقد ہوا، جس کا مقصد بچوں میں دل کی بیماریوں کی تشخیص اور علاج کو بہتر بنانے، طبی تعلیم کو فروغ دینے اور ماہرین کے درمیان باہمی تعاون کو مضبوط بنانا تھا پروگرام میں دل کے امراض کے ماہرین اور شعبہ صحت سے وابستہ طبی ماہرین نے شرکت کی، جہاں بچوں کی دل کی بیماریوں سے متعلق طبی معلومات، عملی تجربات اور جدید طریقہ ہائے علاج پر تبادل خیال کیا گیا۔ شرکائے مسلسل طبی تعلیم، ماہرین کے درمیان اشتراکِ عمل اور جدید تشخیصی طریقوں کی اہمیت پر زور دیا اس موقع پر اس بات کو اجاگر کیا گیا کہ پیدائشی دل کی بیماریوں میں مبتلا بچوں کے علاج کے نتائج بہتر بنانے کے لیے بروقت تشخیص، جدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جمعیت علماء اسلام تعلقہ کنری کے عاملہ اجلاس کا انعقاد، عالمی امن کانفرنس سکھر اور ڈویژنل اجلاس میر پور خاص میں شرکت کی تیاریوں پر غور

کنری (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تعلقہ کنری کے عاملہ اجلاس کا انعقاد، عالمی امن کانفرنس سکھر اور ڈویژنل اجلاس میر پور خاص میں شرکت کی تیاریوں پر غور، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



پاکستان پیپلز پارٹی منارٹی ونگ کے ڈویژنل صدر کا عمر کوٹ پریس کلب کے نومنتخب قلم دوست پینل کے عہدیداران کی شاندار کامیابی پر مبارکباد



کنری (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی منارٹی ونگ کے ڈویژنل صدر کا عمر کوٹ پریس کلب کے نومنتخب قلم دوست پینل کے عہدیداران کی شاندار کامیابی پر مبارکباد، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

لپڈ سوسائٹی آف پاکستان کی جانب سے دل کی بیماریوں سے بچاؤ، کولیسٹرول کی بروقت جانچ اور صحت مند طرزِ زندگی اپنانے پر زور

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی لپڈ سوسائٹی آف پاکستان کے زیر اہتمام پہلے کانفرنس کے سلسلے میں کراچی پریس کلب میں 10 اکتوبر 2026 کو پریس کانفرنس منعقد کی گئی، جس میں ماہرینِ صحت نے خون میں چکنائی اور کولیسٹرول کی غیر معمولی مقدار، دل کی بیماریوں سے بچاؤ، بروقت تشخیص اور صحت مند طرزِ زندگی کی اہمیت پر روشنی ڈالی کانفرنس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مبینہ جعلی ریلیز لیٹر کے ذریعے چھڑوانے کے معاملے میں وکیل رحیم خاصخیلی کو حتمی چالان میں ملزم نامزد کیے جانے کیخلاف ضلع عمر کوٹ کی وکلا برادری سراپا احتجاج



کنری (نامہ نگار) منشیات کے مقدمے میں چالان کی گئی گاڑی کو مبینہ جعلی ریلیز لیٹر کے ذریعے چھڑوانے کے معاملے میں وکیل رحیم خاصخیلی کو حتمی چالان میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

میر پور خاص: نومبر کی انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ، انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر میر پور خاص سردار سمیر حسین لغاری کی زیرِ صدارت ضلعی محکمہ صحت کے دفتر میں ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (ڈی پی ای سی) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں گزشتہ پولیو کمپین ریویو میٹنگ (پی سی آر ایم) میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد اور نومبر 2026 میں ہونے والی انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سندیپ کمار، فوکل پرسن ڈاکٹر نارائن، ڈاکٹر آصف، محکمہ صحت، ضلعی انتظامیہ، ڈی ای او سی، ڈی او ایز، لوکل گورنمنٹ اور انسدادِ پولیو پروگرام کے متعلقہ افسران نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

کنری روٹری کلب ایوری گرین اور کراچی روٹری کلب کے تعاون سے کنری کے سریر کیمپس کنری میں معذور افراد کو اعضاء لگانے کے حوالے ایک روزہ فری کیمپ لگایا گیا



کنری (رپورٹ رضوان مغل) کنری روٹری کلب ایوری گرین اور کراچی روٹری کلب کے تعاون سے کنری کے سریر کیمپس کنری میں معذور افراد کو اعضاء لگانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

نمازٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروبِ آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

شرحِ تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری ریال	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

سائبر خطرات سے کاروباری برادری کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ذکریا اکبر ضیاء

چیمبر میں سائبر کرائمز کمیٹی قائم کرنے، مشترکہ کور کمیٹی تشکیل دینے اور کاروباری برادری کی آگاہی کے لیے خصوصی سیشنز منعقد کرنے کا فیصلہ

آئی سی سی آئی اور این سی سی اے کا سائبر کرائمز کے خلاف تعاون پر اتفاق، سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ، نائب صدر محمد وقاص خان موجود



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) اور نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے کاروباری برادری کو سائبر کرائمز سے درپیش مسائل کے حل، ڈیجیٹل سکیورٹی سے متعلق آگاہی کے فروغ اور تاجروں کی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے باہمی تعاون اور ادارہ جاتی رابطوں کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اتفاق رائے چیمبر ہاؤس میں این سی سی آئی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر محمد شعیب خان اور آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء [illegible] سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان کے درمیان ہونے والی ملاقات میں طے پایا۔ اس موقع پر این سی سی آئی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر نے کاروباری برادری کو سائبر کرائمز سے متعلق درپیش مسائل اور تحفظات کا جائزہ لیا اور ان کے حل کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں دونوں اداروں کے نمائندوں پر مشتمل ایک مشترکہ کور کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا، جو باہمی رابطوں کو مؤثر بنانے، کاروباری برادری کے مسائل کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی وضع کرنے اور شکایات کے ازالے میں معاونت فراہم کرے گی۔ اس کے علاوہ تاجروں اور کاروباری افراد کو سائبر خطرات، ڈیجیٹل سکیورٹی اور احتیاطی تدابیر سے آگاہ کرنے کے لیے خصوصی آگاہی سیشنز منعقد کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ کاروباری برادری کو بڑھتے ہوئے سائبر خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے چیمبر اور این سی سی آئی اے کے درمیان مضبوط اور مؤثر تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری ادارے مواصلات، مالی لین دین اور تجارتی سرگرمیوں کے لیے تیزی سے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر انحصار کر رہے ہیں، اس لیے سائبر کرائمز کی روک تھام اور ڈیجیٹل تحفظ کو یقینی بنانا ڈیجیٹل معیشت پر اعتماد کے فروغ کے لیے ناگزیر ہے۔

آئی سی سی آئی اراکین کی فلاح و بہبود کیلئے فاؤنڈیشن اور ٹرسٹ قائم کرے گا، ذکریا اکبر ضیا

احسن ظفر بخت اوری دارالحکومت کے برانڈ ایمبیسیڈر رہیں، اسلام آباد اور تاجر برادری کے لیے ان کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، صدر آئی سی سی آئی

احسن بخت اوری کی قیادت میں وفد نے صدر محمد ذکریا اکبر ضیا، سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ، نائب صدر محمد وقاص خان سواتی کو مبارکباد دی



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے نومنتخب صدر محمد ذکریا اکبر ضیا نے اعلان کیا ہے کہ چیمبر اپنے اراکین کی فلاح و بہبود کے لیے فاؤنڈیشن ٹرسٹ قائم کرے گا۔ سابق صدر احسن ظفر بخت اوری کی اسلام آباد اور تاجر برادری کے لیے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ دارالحکومت کے برانڈ ایمبیسیڈر رہیں، جنہوں نے شہر کو صاف، سرسبز اور خوبصورت بنانے کے ساتھ عوامی فلاح و بہبود کے لیے بھی نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ وہ سابق صدر آئی سی سی آئی احسن ظفر بخت اوری کی قیادت میں اسلام آباد کی مختلف مارکیٹوں کے صدور اور تاجر تنظیموں کے عہدیداران کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے، جس نے صدر محمد ذکریا اکبر ضیا، سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ، نائب صدر محمد وقاص خان سواتی اور ایگزیکٹو ممبران کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ محمد ذکریا اکبر ضیا نے کہا کہ احسن ظفر بخت اوری نے اپنے دورِ صدارت اور دیگر سماجی و فلاحی سرگرمیوں کے دوران اسلام آباد اور تاجر برادری کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دی ہیں۔ مختلف مارکیٹوں میں واٹر فلٹریشن پلانٹس، واش رومز اور واٹر کولرز کی فراہمی، شجرکاری مہم کے تحت ہزاروں پودے لگا کر شہر کو سرسبز و شاداب بنانے کی کوششیں اور تعلیمی اداروں کو کمپیوٹرز کی فراہمی ان کے نمایاں فلاحی اقدامات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات سے نہ صرف تاجروں اور شہریوں کو بنیادی سہولیات میسر آئیں بلکہ تعلیمی اداروں میں طلبہ کو جدید تعلیمی وسائل کی فراہمی میں بھی مدد ملی۔ اسلام آباد کو کلین اینڈ گرین بنانے اور عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے احسن ظفر بخت اوری کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی قیادت کا اصل وصف خدمت کا جذبہ ہے، جو کسی عہدے کا محتاج نہیں ہوتا۔ آئی سی سی آئی کی نئی قیادت بھی تاجر برادری کی فلاح و بہبود، باہمی تعاون اور کاروباری مسائل کے حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرے گی۔

ایس ایس جی سی نے ESG معیار کے تحت پائیداری کیلئے جامع حکمتِ عملی متعارف کرادی

جدید تکنیکی نظام کے متعارف ہونے سے ہم ڈیجیٹل جدت کے نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں، ایم ڈی ایس ایس جی سی امین راجپوت کا اہم خطاب

کراچی ٹرمینل میں واقع لرننگ اینڈ ڈیولپمنٹ سینٹر میں پروقار افتتاحی اور حوالگی کی تقریب، مقصد گیس کی فراہمی کے نظام کو بہتر اور آسان بنانا ہے



کراچی (بزنس رپورٹر) سوئی سدرن گیس کمپنی (SSGC) نے ماحولیاتی، سماجی اور گورننس (ESG) کے معیارات کے تحت پائیداری کو فروغ دینے کے لیے ایک جامع حکمتِ عملی اختیار کی ہے۔ کمپنی کی جانب سے سماجی ذمہ داری، شفافیت، ماحولیاتی تحفظ اور بہتر انتظامی نظام کو اپنی ترجیحات میں شامل کیا گیا ہے۔ ایس ایس جی سی کا مقصد گیس کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانا، توانائی کے ضیاع کو کم کرنا اور صارفین کو معیاری خدمات فراہم کرنا ہے۔ کمپنی اپنے آپریشنز میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور مؤثر نگرانی کے ذریعے کارکردگی بہتر بنانے کے اقدامات کر رہی ہے۔ کمپنی کی حکمتِ عملی میں ماحولیاتی تحفظ، توانائی کی بچت، ملازمین کی فلاح و بہبود اور مقامی آبادی کے لیے سماجی ترقی کے اقدامات شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ شفافیت، جواب دہی اور ادارہ جاتی نظم و نسق کو مضبوط بنانے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ ایس ایس جی سی پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے متعلقہ اداروں اور شراکت داروں کے ساتھ تعاون کو فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہے۔ نوٹ: تصویر میں متن بہت چھوٹا اور غیر واضح ہے، اس لیے یہ مکمل لفظ بہ لفظ ترجمہ نہیں ہے۔ بعض مخصوص تفصیلات اور ناموں کی درست تصدیق کے لیے زیادہ واضح تصویر درکار ہوگی۔

عالمی یومِ ذہنی صحت پر چیئرمین کے پی ٹی کا ذہنی صحت سے متعلق آگاہی بڑھانے پر زور

ریئر ایڈمرل شاہد احمد کا کاروانِ حیات کے زیر اہتمام عالم یوم ذہنی صحت کی بڑی تقریب سے خصوصی خطاب

1983 سے خدمات انجام دینے والے ادارے کاروانِ حیات کی خدمات کو سراہتا ہوں ہر ممکن تعاون جاری رہے گا



کراچی (بزنس رپورٹر) چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) و بورڈ آف گورنرز، کے پی ٹی۔ کاروانِ حیات، ریئر ایڈمرل شاہد احمد S.Bt، SI(M) (ریٹائرڈ) نے کاروانِ حیات کے زیرِ اہتمام عالمی یومِ ذہنی صحت 2026ء کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ذہنی صحت مجموعی صحت و تندرستی کا لازمی جزو ہے، اور اس سلسلے میں ہمدردانہ نگہداشت، مؤثر آگاہی اور معاشرتی بدنامی و منفی رویّوں کے خاتمے کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ''مدد طلب کرنا کمزوری نہیں بلکہ حوصلے اور بہادری کی علامت ہے۔'' اپنے ذاتی اور پیشہ ورانہ تجربات کی روشنی میں انہوں نے مردوں کو درپیش ذہنی صحت کے ان مسائل کی نشاندہی کی جنہیں اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ لوگوں کی باتوں کو بغیر کسی تنقید یا پیشگی رائے کے سننا انتہائی ضروری ہے۔ رواں سال کے موضوع ''ذاتی تجربات کی ساعت: حقیقی آوازیں، حقیقی تبدیلی'' سے ہم آہنگ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ بامعنی تبدیلی کا آغاز اسی وقت ہوتا ہے جب لوگوں کے تجربات کو سنا اور تسلیم کیا جائے۔ انہوں نے خاندان اور معاشرے کو مضبوط بنانے میں خواتین کے کلیدی کردار کو بھی سراہا۔ چیئرمین کے پی ٹی نے 1983ء سے خدمات انجام دینے والے ادارے کاروانِ حیات کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے مستحق افراد کو مفت اور رعایتی نفسیاتی علاج، بحالی اور کمیونٹی کی سطح پر ذہنی صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے مشن کے لیے کے پی ٹی کی حمایت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ادارے کی خدمات کو ''محض صحت کی سہولیات نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت'' قرار دیا۔ تقریب کے دیگر مقررین نے ڈیجیٹل دور میں نوجوانوں کو درپیش ذہنی صحت کے مسائل اور موسمیاتی تبدیلیوں کے کمیونٹی کی فلاح و بہبود پر اثرات کو بھی اجاگر کیا۔

☆☆☆

1 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ٹی ایچ کیو ہسپتال کوٹ سبزانی میں ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

2 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

3 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

4 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

5 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

6 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

7 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

8 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

9 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

10 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

11 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

12 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

13 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

14 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

15 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

16 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

17 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

18 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

19 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

20 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

21 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

22 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

23 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

24 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

25 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

26 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

27 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

28 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

29 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

30 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

31 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

32 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

33 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

34 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

35 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

36 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

37 کنسٹرکشن ٹینڈر ▸

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی کے ایمرجنسی وارڈ کی توسیع و تزئین کا کام۔ تخمینہ لاگت 1,250,000 روپے۔ بولی دہندگان کا ایف بی آر کے رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔ ٹینڈر فیس 2,000 روپے۔ بولی 12 مارچ 2026ء کو دوپہر 1 بجے کھولی جائے گی۔ ایگزیکٹو انجینئر، ضلع کونسل کوٹ سبزانی۔

دی سی ریکٹرز کے تمباکو و نکوٹین سے پاک یونیورسٹی معاہدے پر دستخط

میزبانی کا مسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد نے کی، اسلام آباد، راولپنڈی، گلگت بلتستان اور آزاد جموں کشمیر کے نمائندے بھی شریک

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وائس چانسلرز، ریکٹرز اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کے سربراہان نے پاکستانی نوجوانوں کو تمباکو اور نکوٹین کی لت سے بچانے کے لیے اجتماعی کارروائی کا عہد کرتے ہوئے "تمباکو اور نکوٹین سے پاک کیمپسز" کے لیے ایک تاریخی چارٹر پر دستخط کیے ہیں۔ یہ چارٹر وائس چانسلرز اور ریکٹرز (CUI) نے اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25) فورم کے پانچویں ماہانہ اجلاس کے دوران منظور کیا گیا، جس کی میزبانی کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد





شاہ خاندان کا کارنامہ: عمران علی شاہ نے کامیاب آپریشن کردیا

سابق وفاقی وزیر سید غوث علی شاہ کی اے او اسپتال میں کامیاب ہپ جوڑ کی سرجری کر دی گئی

کراچی (بزنس رپورٹر) سابق وزیر اعلیٰ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ سندھ، غوث علی شاہ کے 93 برس کی عمر میں ہپ جوڑ کی کامیاب سرجری کر دی گئی ہے اور وہ اب تیزی سے صحت یاب ہو رہے ہیں۔ سید غوث علی شاہ کے ہپ جوڑ میں فریکچر ہو گیا تھا۔ عمر زیادہ ہونے اور رسک زیادہ ہونے کی وجہ سے کراچی کے ایک اسپتال میں ان کی سرجری سے معذرت کر لی گئی تھی۔ بعد ازاں انہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

وسیم اکرم کی ڈراموں میں انٹری کی تیاری، ماہ نور بلوچ کیساتھ اداکاری کرینگے

ہدایت کار نہیم برنی نے نئے ڈرامے سے متعلق اشارہ دے دیا، ماہرہ خان سے بھی خصوصی کردار کے لیے رابطے پر غور

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور عالمی شہرت یافتہ فاسٹ بولر وسیم اکرم جلد ٹیلی ویژن ڈراموں میں اداکاری کرتے دکھائی دے سکتے ہیں۔ اطلاعات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ریاض ایئرپورٹ پر میزائل حملے کے بعد پاکستانی پروازیں معطل، متعدد منسوخ

پی آئی اے کا ریاض کے لیے فضائی آپریشن مکمل بند، فلائی جناح اور فلائی ناس کی پروازیں بھی

کراچی (این این آئی) سعودی دارالحکومت ریاض کے شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر میزائل حملے کے بعد حفاظتی اقدامات کے تحت پاکستان سے ریاض جانے والی متعدد پروازیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



علی امین خان گنڈاپور گھر میں نظر بند، باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات

یہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے، اس سب سے ڈرنے والے نہیں، جدوجہد جاری رہے گی، گنڈاپور

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیراعلیٰ علی امین خان گنڈاپور کو گھر میں نظر بند کر کے پولیس کی بھاری نفری تعینات کر دی گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور پاکستان تحریک انصاف کے سابق صوبائی صدر سردار علی امین خان گنڈاپور کو ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس کی جانب سے اپنے گھر میں نظر بند کر کے رہائشگاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کر دی گئی ہے۔ علاقے میں بھی سیکیورٹی کے انتظامات سخت کیے گئے ہیں تاہم پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اس حوالے سے باضابطہ مؤقف سامنے آنے کا انتظار ہے۔ اس حوالے سے علی امین خان گنڈاپور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

داؤد یونیورسٹی میں ڈورم اور اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح

شرجیل میمن کا یونیورسٹی کے اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلوں کی سہولیات کا جائزہ سندھ حکومت خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے بھی اقدامات کر رہی ہے، سینئر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے داؤد یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے اقبال کیمپس میں ڈورم اور اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)



کراچی ایئرپورٹ پر عمرہ زائرین اور بین الاقوامی مسافروں کی ویکسی نیشن

کراچی (این این آئی) عمرہ زائرین کے لیے ویکسی نیشن کے بغیر سفر کرنے کی عارضی رعایت ختم ہونے کے بعد کراچی ایئرپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کے ڈبلیو ایس ایس آئی پی میں انتظامی تبدیلی پر غور، منصوبے کا کنٹرول ایم ڈی واٹر کارپوریشن کو دینے کی تجویز

کراچی (این این آئی) کراچی میں فراہمی و نکاسی آب کے اربوں روپے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ابنِ آدم پارک میں جدید پروفیشنل ریسلنگ سینٹر کا افتتاح

سیلانی ویلفیئر کے روح رواں مولانا بشیر فاروقی، سی ای او محمد غزال، ترکش قونصل جنرل اور ٹیکا کی اہم شخصیات موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان میں کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے ابنِ آدم پارک میں جدید پروفیشنل ریسلنگ سینٹر کا افتتاح کیا گیا۔ اس موقع پر کھیلوں کے شائقین، کھلاڑیوں اور متعلقہ شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں ریسلنگ کی سہولیات کو بہتر بنانے، نوجوان کھلاڑیوں کو تربیت فراہم کرنے اور پاکستان میں پروفیشنل ریسلنگ کو فروغ دینے کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



کمانڈنٹ چترال سکاؤٹس کی جانب سے تیسری چترال ایکسپو کا افتتاح

کرنل ارسلان کے ہمراہ ڈائریکٹر ٹڈاپ پشاور نعمان بشیر، فہد اعظم اور کوآرڈینیٹر سی سی آئی کا خصوصی خطاب



چترال (بزنس رپورٹر) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) پشاور نے چترال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (CCCI) کے اشتراک سے پامیر ریور سائیڈ اِن ہوٹل، چترال میں تیسری چترال ایکسپو 2026 کا انعقاد کیا۔ دو روزہ نمائش کا افتتاح آج کمانڈنٹ چترال سکاؤٹس، کرنل ارسلان نے کیا۔ تقریب میں کاروباری برادری، سرکاری محکموں، بینکوں اور غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) کے نمائندوں نے شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

کولگیٹ گلوبل آرٹ مقابلے 27-2026 کا آغاز ہو گیا

مقابلے کا مقصد 6 تا 9 سال کے بچوں میں تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے، شناطارق مارکیٹنگ منیجر کولگیٹ پاکستان



کراچی (اسٹاف رپورٹر) کولگیٹ پاکستان کے عالمی اقدام ''مائی برائٹ اسمائل'' کے تحت بچوں میں منہ اور دانتوں 27 کی صحت سے متعلق آگاہی، خود اعتمادی اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے گلوبل آرٹ مقابلے 2026 کا آغاز کر دیا گیا، مقابلے میں زارا شکیل نے قومی سطح پر فاتح ہونے کا اعزاز حاصل کیا، کولگیٹ پاکستان کی مارکیٹنگ مینیجر شنا طارق نے کہا کہ ادارہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

مہنگی بجلی و لوڈ شیڈنگ سے سولر واسٹوریج سسٹمز اہم ہو گئے، ایم حسن

سولر ایکسپو میں آئی ٹیل انرجی کی جدید سولر بیٹریز اسٹوریج ٹیکنالوجی متعارف | Tel انرجی نے صنعتی و تجارتی مارکیٹ میں بھی قدم رکھ دیا، ٹیکنیکل منیجر ڈان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میں بجلی کی بڑھتی قیمتوں، لوڈ شیڈنگ اور توانائی کے متبادل ذرائع کی ضرورت کے پیش نظر سولر بجلی کو محفوظ کرنے کے نظام کی اہمیت بڑھنے لگی، کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری 22 ویں سولر پاکستان ایکسپو کے پہلے روز آئی ٹیل انرجی نے اپنی جدید سولر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)



کے پی میں گورنر راج یا ایمرجنسی مسائل کا حل نہیں، صوبے کو تجربہ گاہ نہیں بننے دیں گے، تحریک انصاف کی صوبائی حکومت ڈھائی سال میں ہر شعبے میں ناکام رہی، دہشت گردی کے خلاف مؤثر حکمت عملی نظر نہیں آتی، شاہی سید

کراچی (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے صدر شاہی سید نے کہا ہے کہ خیبر پختون خوا گورنر راج یا ایمرجنسی کا نفاذ صوبے کے مسائل کا حل نہیں، ہم صوبے کو مزید تجربہ گاہ بنانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ موجودہ حالات کی ذمہ داری تحریک انصاف کی صوبائی حکومت اور اسے اقتدار میں لانے والوں پر عائد ہوتی ہے، جس کی گزشتہ ڈھائی سالہ کارکردگی ہر شعبے میں ناکامی کی عکاس ہے۔ اپنے بیان میں شاہی سید نے کہا کہ عوامی نیشنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

Roundup Pakistan

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

کتب بینی کی معروف شخصیت سرمد خان جرمنی کے شہر فرینکفرٹ کے عالمی کتب میلے پہنچ گئے

ملکوں ملکوں میں کتابوں کی عالمی نمائش میں کامیاب حصہ لیتے رہے ہیں، پاکستان سے آنیوالے 82 رکنی وفد میں شامل، بک فیئر میں پاکستان کا تاریخی تعلیمی اقدام

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی پہلی تا بارہویں جماعت کی AI و روبوٹکس نصابی کتب اور مکمل ڈیجیٹل تعلیمی ایکوسسٹم کی بین الاقوامی رونمائی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور صوبائی وزیرِ تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کے وژن اور تعاون کا اعتراف کرتے ہیں، سرمد خان کا خصوصی مکالمہ

فرینکفرٹ (بزنس رپورٹر) دنیا کے سب سے بڑے بین الاقوامی کتب میلوں میں شمار ہونے والے فرینکفرٹ بک فیئر 2026ء، جرمنی میں پاکستان نے جدید تعلیم، مصنوعی ذہانت اور روبوٹکس کے شعبے میں ایک اہم سنگِ میل عبور کرتے ہوئے پہلی سے بارہویں جماعت تک کی نصابی کتب اور مکمل ڈیجیٹل تعلیمی ایکوسسٹم AI کی بین الاقوامی رونمائی اور نصابی نمائش پیش کی۔ ان جدید نصابی کتب کو بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، پاکستان نے اپنے تعلیمی نظام کے لیے اختیار کیا ہے، جبکہ اس منصوبے کو عالمی سطح پر متعارف کرانے سے پاکستان، بالخصوص بلوچستان، میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی تعلیم کے فروغ کی کوششوں کو بین الاقوامی سطح پر نمایاں کرنے کا موقع ملا۔ ان کتب کے مصنف، ممتاز پاکستانی سائنس دان، ماہر مصنوعی ذہانت، محقق اور ماہر تعلیم ڈاکٹر عاطف علی (پوسٹ ڈاکٹریٹ AI) اور چیئرمین ڈاکٹر گلاب خان نے فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کی اور پاکستان کے اس اہم تعلیمی منصوبے کو مختلف ممالک سے آنے والے بین الاقوامی ناشرین، تعلیمی ماہرین، محققین اور ٹیکنالوجی سے وابستہ نمائندوں کے سامنے پیش کیا۔ یہ نصابی کتب انٹرنیشنل مون لائٹ پبلشرز اور سگما پبلشر کے مشترکہ اشتراک سے شائع کی گئی ہیں۔ ان کا بنیادی مقصد نئی نسل کو ابتدائی جماعتوں ہی سے مصنوعی ذہانت، روبوٹکس، پروگرامنگ، کمپیوٹیشنل تھنکنگ، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، تخلیقی صلاحیتوں اور عملی مسئلہ حل کرنے کی مہارتوں سے روشناس کرانا ہے۔ نصابی کتب سے جدید AI لیبارٹری تک مکمل ڈیجیٹل تعلیمی نظام اس اہم بین الاقوامی موقع پر نصابی کتب کے ساتھ کے نام سے ایک جامع ڈیجیٹل تعلیمی ایکو سسٹم بھی متعارف کرایا گیا، جس کا مقصد روایتی نصابی تعلیم کو مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل لرننگ اور عملی تجربات کے ساتھ مربوط کرنا ہے۔ یہ جدید پلیٹ فارم پرنٹڈ تدریسی سرگرمیوں، ڈیجیٹل تعلیمی وسائل، مصنوعی ذہانت کی لیبارٹری (Lab AI) اور روبوٹکس کی عملی سرگرمیوں کو ایک مربوط نظام میں یکجا کرتا ہے۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے طلبہ کو صرف کتابی معلومات تک محدود رکھنے کے بجائے مصنوعی ذہانت اور روبوٹکس کے تصورات کو عملی انداز میں سمجھنے، تجربات کرنے، تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور جدید ٹیکنیکی مہارتیں حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرنے کا وژن پیش کیا گیا ہے۔ یہ ڈیجیٹل ایکو سسٹم اساتذہ کے لیے SLO پر مبنی تدریسی معاونت اور طلبہ کے لیے عملی سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کی غرض سے تیار کیا گیا ہے، تاکہ نصابی کتب، ڈیجیٹل مواد اور AI لیبارٹری ایک دوسرے سے مربوط ہو سکیں۔ اس منصوبے کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ پہلی سے بارہویں جماعت تک کی AI و روبوٹکس نصابی کتب کو ایک مکمل ڈیجیٹل تعلیمی نظام کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے، جو پاکستان میں جدید تعلیم کے فروغ کے لیے ایک اہم ماڈل پیش کرتا ہے۔ عالمی سطح پر پاکستانی نصابی کتب کی پذیرائی۔

جاوید جیلانی کے صاحبزادے شہیان شاہ کا نکاح میمن مسجد پھاری والی میں منعقد ہوا، معزز شخصیات کی شرکت

معروف کاروباری و سماجی شخصیات رحیم جانو، عقیل کریم ڈھیڈی، رفیق سلیمان، کرنل ترین اور اشرف گریس نے کی خاص شرکت

نکاح میں جاوید او کے بلڈر، الطاف تائی، طارق پولانی، عمران، نادر اور بشیر احمد سمیت دیگر معزز مہمان بھی پیش پیش نظر آئے

تمام شرکاء نے شہیان شاہ اور ان کے اہلِ خانہ کے لیے خیر و برکت کی دعائیں کیں اور اس خوشی کے موقع پر مبارک باد پیش کی

کراچی (بزنس رپورٹر) جاوید جیلانی کے صاحبزادے شہیان شاہ کے نکاح کی پُرمسرت تقریب میمن مسجد پھاری والی میں منعقد ہوئی، جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات، کاروباری رہنماؤں اور عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ تقریب کا ماحول خوشگوار اور پُروقار رہا، جہاں شرکاء نے نئے جوڑے کے لیے نیک تمناؤں اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ نکاح کی اس بابرکت تقریب میں اہلِ خانہ اور احباب کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ اس موقع پر شرکاء نے شہیان شاہ اور ان کے اہلِ خانہ کو مبارک باد پیش کی اور ان کی نئی زندگی کے آغاز پر خوشی کا اظہار کیا۔ تقریب میں شریک معزز مہمانوں نے اس موقع کو خاندان کے لیے خوشی اور مسرت کا باعث قرار دیا۔ تقریب میں معروف کاروباری و سماجی شخصیات رحیم جانو، عقیل کریم ڈھیڈی، رفیق سلیمان اور کرنل ترین نے شرکت کی۔ ان کے علاوہ عمران، نادر اور بشیر احمد بھی تقریب میں موجود تھے۔ شرکاء نے میزبان خاندان سے ملاقات کی اور نکاح کی خوشی میں اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انور میاں نور، واجد پراچہ، عرفان نعمان اور فواد غریب بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ اسی طرح اشفاق غفار، غلام فرید، زبیر اشرفی اور امین نگر نے بھی شرکت کر کے خوشی کے اس موقع کو یادگار بنایا۔ تقریب میں جاوید او کے بلڈر، الطاف تائی، اشرف گریس اور طارق پولانی سمیت دیگر معزز مہمانوں نے بھی شرکت کی۔ تمام شرکاء نے شہیان شاہ اور ان کے اہلِ خانہ کے لیے خیر و برکت کی دعائیں کیں اور اس خوشی کے موقع پر مبارک باد پیش کی۔ نکاح اسلامی تعلیمات کے مطابق ایک مقدس رشتہ ہے، جو دو افراد کے درمیان ازدواجی زندگی کے نئے سفر کا آغاز کرتا ہے۔ اس موقع پر اہلِ خانہ، رشتہ داروں اور دوستوں کی شرکت خوشیوں کو دوبالا کرتی ہے اور باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا ذریعہ بنتی ہے۔ شہیان شاہ کے نکاح کی تقریب میں شریک مہمانوں کی جانب سے مبارک باد اور نیک تمناؤں کا سلسلہ جاری رہا۔ شرکا نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نئے جوڑے کی زندگی کو خوشیوں، محبت، سکون اور کامیابیوں سے بھر دے، ان کے درمیان باہمی احترام اور اعتماد قائم رکھے اور دونوں خاندانوں کے لیے یہ رشتہ باعثِ خیر و برکت بنائے۔ تقریب میں مختلف معزز شخصیات کی شرکت نے اس خوشی کے موقع کو مزید اہمیت دی۔ میزبان خاندان نے شرکت کرنے والے تمام مہمانوں کی آمد اور نیک تمناؤں کو سراہا۔ اس طرح شہیان شاہ کے نکاح کی تقریب خوشگوار یادوں اور دعاؤں کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

☆☆☆